SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر X مجریہ ۱۹۹۵
SINDH ORDINANCE NO.X OF 1995
سندھ گوداموں کی رجسٹریشن آرڈیننس، ۱۹۹۵
THE SINDH REGISTRATION OF GODOWNS ORDINANCE, 1995
فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان ، اضافہ، اور شروعات
Short Title, extent and commencement
۲۔ تعریف
Definition
۳۔ ضروری اشیاء جمع کرنا
Stocking of essential articles
۴۔ گودام کی رجسٹریشن
Registration of Godown
۵۔ ریکارڈز کی دیکھ بھال اور جانچ پڑتال
Maintenance and inspection of records
۶۔ جانچ کا اختیار
Power of search
۷۔ اپیل
Appeal
۸۔ جرمانہ
Penalty
۹۔ قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

سندھ آرڈیننس نمبر X مجریہ ۱۹۹۵
SINDH ORDINANCE NO.X OF 1995
سندھ گوداموں کی رجسٹریشن آرڈیننس، ۱۹۹۵
THE SINDH REGISTRATION OF GODOWNS ORDINANCE, 1995

[۱۲ دسمبر، ۱۹۹۵]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ صوبے میں گوداموں کی رجسٹریشن کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ صوبے میں عوام کے مفاد کے لیئے گوداموں کی رجسٹریشن ضروری ہوگئی ہے۔

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہو اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام لینا ضروری ہوگیا ہے؛

مختصر عنوان، اضافہ، اور شروعات
Short Title, extent and commencement

اب اس لیئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (1) کے تحت ملے ہوئے اختیارات، کو استعمال میں لاتے ہوئے سندھ کا

گورنر مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔

تعریف
Definition

1.(1)اس آرڈیننس کو سندھ گوداموں کی رجسٹریشن آرڈیننس، ۱۹۹۵ کہا جائے گا۔

(۲) اس کی تمام سندھ صوبے میں توثیق کی جائے گی۔

(۳) یہ فوری طور پر لاگو ہوگا۔

۲۔ (۱) اس آرڈیننس میں، جب تک کچھ مقصد اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک؛

(i) ''ضروری اشیاء'' سے مراد جو حکومت کی طرف سے بیان کی گئی ہو؛

(ii) ''گودام'' سے مراد کوئی ضروری اشیاء جمع کرنے کے لیئے استعمال شدہ احاطہ اور جس میں شامل ہے ویئر ہائوس، کولڈ اسٹوریج یا ڈیپوٹ؛

ضروری اشیاء جمع کرنا
Stocking of essential articles

(iii) ''حکومت'' سے مراد سندھ حکومت؛

(iv) ''مالک''سے مراد گودام کا مالک اور جس میں شامل ہے وہ فرد جس کو گودام کی دیکھ بھال سونپی گئی ہو؛

گودام کی رجسٹریشن
Registration of Godown

(v) ''بیان کردہ'' سے مراد اس آرڈیننس کے تحت بنائے گئے قواعد کے مطابق بیان کردہ؛

(vi)''رجسٹرڈ کردہ اتھارٹی'' سے مراد فراہمی اور نرخوں کے بیورو کے ڈائریکٹر جنرل یا حکومت کی طرف سے مقرر کردہ کوئی عملدار؛

۳۔ کوئی بھی ضروری اشیاء گودام میں جمع نہیں کی جائے گی جب تک گودام اس آرڈیننس کی گنجائش کے مطابق رجسٹرڈ نہ ہو۔

۴۔ مالک اس آرڈیننس کی شروعات کے تیس دن کے اندر گودام پہلے سے قائم ہونے کی صورت میں اور نئے گودام کی تعمیر یا قیام کے ساٹھ دن کے اندر رجسٹریشن اتھارٹی کو ان کے گودام کی رجسٹریشن کے لیئے مذکورہ طریقے کے مطابق درخواست دے گا۔

ریکارڈز کی دیکھ بھال اور جانچ پڑتال
Maintenance and inspection of records

(۲) رجسٹرنگ اتھارٹی ایسی درخواست ملنے پر جانچ

جانچ کا اختیار
Power of search

پڑتال کرے گی اور مالک سے ایسی معلومات طلب کرے گی جو مطلوب ہو۔
(۳) اگر رجسٹرنگ اتھارٹی کی گئی جانچ میں مطمئن ہو تو درخواست میں فراہم کی گئی گئی معلومات یا گودام کے سلسلے میں مالک کی طرف سے دی گئی معلومات درست ہے تو وہ گودام کو رجسٹر کرے گی۔

اپیل
Appeal

(۴) مالک جس کا گودام رجسٹرڈ وہ اس آرڈیننس کی گنجائش، قواعد اور ہدایات، اگر کوئی ہوں، جو اسے رجسٹرنگ اتھارٹی کی طرف سے گودام یا ضروری اشیاء کے رکھنے کی جگہ کے سلسلے میں دی گئی ہوں، ان پر عمل کا پابند ہوگا۔

جرمانہ
Penalty

۵۔ مالک گودام میں ضروری اشیاء رکھنے اور اخراج کرنے کے متعلق ایسے کتاب، اکائونٹس اور ان سے متعلقہ ریکارڈ رکھے گا اور اس سے متعلق معلومات طلب کرنے پر رجسٹرنگ اتھارٹی کو فراہم کرے گا۔

قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

۶۔ رجسٹرنگ اتھارٹی اس آرڈیننس کے تحت رجسٹرڈ گوداممیں داخل ہو کر معائنہ کر سکتی ہے اور کسی ضروری شئے پر پابندی عائد کر سکتی ہے،جس کے متعلق اتھارٹی کے پاس سبب ہوں کہ مالک کی طرف سے فراہم کی گئی معلومات درست نہیں تھی یا رجسٹرنگ اتھارٹی کی ہدایات کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے یا کی جائے گی۔
۷۔ رجسٹرنگ اتھارٹی کے حکم سے متاثر کوئی بھی شخص حکم کے تیس دن کے اندر حکومت کو اپیل کر سکتا ہے اور حکومت کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

۸۔ جو بھی اس آرڈیننس یا کیئے حکم یا رجسٹرنگ اتھارٹی کی طرف جا ری کی گئی ہدایات کی خلاف ورزی کرتا ہے تو اسے قید کی سزا جو ایک سال تک بڑھ سکتی ہے یا جرمانہ جو ایک ہزار روپئے تک بڑھ سکتا ہے۔

۹۔ حکومت اس آرڈیننس کی گنجائشوں کو مفید بنانے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔